معمولی نمبروں سے زیادہ ضخیم ہے جیسا کہ نام سے ظاہر ہے اس اشاعت کے کثیر مضامین جنگ سے متعلق ہیں اس سلسلہ میں شہروں بلکہ محلوں اور گلی کوچوں کی جو حفاظتی تدابیر بتائی گئی ہیں وہ مفید ہیں۔ افسانوں، ڈراموں اور نظموں کے مصنفین میں بعض مشہور حضرات کے نام بھی نظر آتے ہیں۔

جالب مرادآبادی کے سوشعر | جیبی سائز ضخامت ۲۴ صفحات کتابت وطباعت معمولی قیمت درج نہیں پتہ:۔ نامی پریس میرٹھ

یہ آج کل کی دنیائے ادب کی وبائے عام کے مطابق مرادآباد کے نوجوان اور خوشگو شاعر جناب جالب کے سوشعروں کا انتخاب ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ جالب صاحب کو اپنے وطن کے ہی مشہور شاعر حضرت جگر کے ساتھ خاص عقیدت وارادت ہے کہ انھوں نے زیادہ تر جگر کے ہی انداز میں بلکہ انھیں کے ردیف قافیہ میں شعر کہنے کی کوشش کی ہے۔ شروع میں منظور حسین خاں صاحب مضطر ایم۔ اے کا ایک مقدمہ ہے جس میں انھوں نے جالب کے کلام پر تبصرہ کیا ہے۔

الحجاب فی الاسلام | مصنفہ مولانا حیدر حسن خاں صاحب محدث ٹونکی رحمۃ اللہ علیہ تقطیع خورد، ضخامت ۱۶ صفحات کاغذ اور طباعت دیدہ زیب۔ قیمت درج نہیں۔ پتہ:۔ مولوی سعد حسن خاں صاحب امیر گنج۔ ٹونک راج۔

ہندوستان میں جب سے نئی تہذیب نے قدم رکھا ہے حجاب کا مسئلہ ایک معرکۃ الآرا مسئلہ بن گیا ہے۔ مولانا کا رسالہ اسی موضوع سے متعلق ہے۔ رسالہ گو مختصر ہے مگر نہایت محققانہ ہے بحث کا انداز متقدمین کا ہے اور نہایت پر مغز اور سیر حاصل ہے۔ اور بعض ان تحقیقات اور اصول پر مشتمل ہے جن سے اس موضوع کی دیگر کتابیں یکسر خالی ہیں۔ مثلاً حرائر اور فقیرات عامہ کا امتیاز کہ اجنبی مرد کو بلا ضرورت آزاد عورت کے کسی حصۂ جسم پر نظر ڈالنا روا نہیں لیکن عامہ فقیرات یعنی ضرورتمند غریب اور مفلس عورتیں جن کے لئے پردہ کی پابندی ناممکن ہے ان کے لئے ترک حجاب جائز ہے۔ فقیراتِ عامہ کے